سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO. VI OF 2011

سندھ (پولیس آرڈر، 2002 کی منسوخی اور پولیس ایکٹ، 1861 کی بحالی) آرڈیننس نمبر 2011

THE SINDH (REPEAL OF THE POLICE ORDER, 2002 AND REVIVAL OF THE POLICE ACT, 1861) ORDINANCE, 2011.

فہرست (CONTENTS)

تمہید

(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. 1861 کے ایکٹ نمبر V کی بحالی۔

Revival of Act No.V of 1861.

3. 2002 کے چیف ایگزیکٹو آرڈر نمبر XXII کی منسوخی۔

Repeal of Chief Executive Order No. XXII of 2002

4. محفوظ کرنا

Saving

5. رکاوٹ ہٹانا

Removal of difficulty

سندھ آرڈیننس نمبرVI مجریہ2011

SINDH ORDINANCE NO. VI OF 2011

سندھ (پولیس آرڈر،2002 کی منسوخی اور پولیس ایکٹ، 1861کی بحالی)

آرڈیننس نمبر 2011

THE SINDH (REPEAL OF THE POLICE ORDER, 2002 AND REVIVAL OF THE POLICE ACT, 1861) ORDINANCE,2011.

[9 جولائی 2011]

آرڈیننس جس کے ذریعے پولیس آرڈر،2002 (2002کے چیف ایگزیکیٹوز آرڈر نمبرXXII) کو منسوخ اور پولیس ایکٹ 1861 (1861کے ایکٹ نمبر Vکو بحال کیاجائے گا)۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ پولیس آرڈر2002 (2002 کے چیف ایگزیکیٹو آرڈر نمبرXXII) کو منسوخ اور پولیس ایکٹ، 1861(1861 کے پولیس ایکٹ نمبر V) کو بحال کرنا ضروری ہوگیاہے، جواس طرح ہوگا،اس کواس طرح سے عمل میں لایاجائے گا۔

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کااجلاس نہیں چل رہاہے اور سندھ کے گورنر مطمئن ہیں

کہ موجودہ حالات میں قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973 کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1.(1) اس آرڈیننس کو سندھ (پولیس آرڈر، 2002 کی منسوخی اور پولیس ایکٹ، 1861 کی بحالی) آرڈیننس، 2001 کہا جائے گا۔

(2). یہ فوری طور پر لاگو ہو گا۔

1861 کے ایکٹ نمبر V کی بحالی۔
Revival of Act No.V of 1861.

2. پولیس ایکٹ، 1861 (1861 کے ایکٹ نمبر V) جو 13 اگست، 2002 میں تھا اس کو فوری طور پر بحال کیا جاتا ہے جیسے کہ وہ منسوخ ہی نہیں کیا گیا تھا۔

2002 کے چیف ایگزیکٹو آرڈر نمبر XXII کی منسوخی۔

3. پولیس آرڈر، 2002 (2002 کے چیف ایگزیکٹو آرڈر نمبر XXII) کو سندھ صوبے میں نافذ کرنے کی حد تک فوری طور پر منسوخ کیا جاتا ہے۔

محفوظ کرنا
Saving

4. پولیس آرڈر 2002 (2002 کے چیف ایگزیکٹوز آرڈر نمبر XXII) کی منسوخی تک کیئے گئے تمام احکامات بشمول قواعد، بائے لاز، ضوابط اور نوٹیفکشنز کے اور دوسرے قانونی دستاویزات کے، کی گئی کاروائیاں، کی گئی مقرریاں، کسی اتھارٹی یا کسی شخص کی طرف سے لیئے گئے اقدامات، جو کیئے گئے تھے، لیئے گئے، یا کیئیے گئے، یا کرنے تھے، یا اس سلسلے میں لیئے جانے یا کرنے تھے، 14 اگست، 2002 تک اور اس تاریخ تک جس دن یہ آرڈیننس نافذ ہوا (دونوں دنوں سمیت)، لاگو رہے گا جب تک وزیر اعلیٰ یا اسکی طرف سے بااختیار بنائی گئی اتھارٹی یا عملدار کی طرف سے تبدیل یا

منسوخ یا ترمیم کیا جائے۔

رکاوٹ ہٹانا Removal of difficulty	5. اگر اس ایکٹ کی گنجائش کو موثر بنانے میں کوئی رکاٹ پیش آتی ہے تو وزیر اعلیٰ سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکشن کے ذریعے ایسی گنجائشیں بنا سکتا ہے جو رکاوٹ ہٹانے کے لیئے لازمی یا ضروری ہوں۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔